11247- مسجد کی اشیاء فروخت کرنے کا حکم

سوال

کیا مساجد کے پرانے قالین، اور ائرکنڈیشن فروخت کرنے جائز ہیں، تاکہ نئی اشیاء کی قیمت مکمل کی جاسکے ؟

پسندیدہ جواب

مندرجہ بالا سوال ہم نے فضیلۃ الشیخ عبدالرحمن بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

یہ جائز ہے، جب ناکارہ ہوجائیں، یا خراب ہوجائیں اور مرمت کے محتاج ہوں، تو اگر ان کی مرمت کی جاسکتی ہو اور یہ چل سکتے ہوں تو ٹھیک وگرنہ انہیں فروخت کرکے قیمت اسی طرح کی اشیاء یا اس سے کم میں صرف کی جاسکتی ہے.

جیسا کہ اگر پرانے ائرکنڈیشن دس ہیں اور ان کی قیمت سے صرف پانچ خریدے جاسکتے ہیں تو ایسا کیا جاسکتا ہے.